حنیف صاحب وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کو علاقہ میں بڑی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ وہ بڑے متحرک اور فعال تھے۔ ان کی تبلیغی مساعی سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔ ان کی نمازِ جنازہ مولانا یوسف ساجد (فاضل جامعہ علوم اثریہ جہلم) خطیب کھیالہ شیخاں نے پڑھائی۔

جناب عبدالمجید مغل صاحب، افتخار احمد و محمد آصف مغل صاحبان کو صدمہ

بزرگوارم عبدالمجید مغل صاحب (مجاہد آباد جہلم) کے بیٹے، افتخار احمد مغل کے بڑے بھائی اور محمد آصف مغل (اسلام گڑھ) کے ماموں مشتاق احمد مغل اولڈہم برطانیہ میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے خلیق اور منکسر المزاج تھے۔ برطانیہ میں رہتے ہوئے ان کے صاحبزادوں نے قرآن مجید حفظ کیا ہوا ہے۔ وہ ان کیلیے ان شاء اللہ صدقۂ جاریہ ہونگے۔ مورخہ ۱۳ ستمبر کو ان کی میت جہلم پہنچی تو مجاہد آباد میں ان کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ نے پڑھائی جس میں جہلم، میرپور اور اسلام گڑھ سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

راجہ طلعت محمود اور راجہ عارف اقبال صاحبان کو صدمہ

محلہ مستریاں جہلم کے راجہ طلعت محمود اور راجہ عارف اقبال صاحبان کے والد محترم جناب راجہ صابر کیانی صاحب مورخہ ۲۳ اگست بروز بدھ کو اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ بڑے بے ضرر اور کسی کو دکھ نہ دینے والے تھے۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے مسنون دعائیں پڑھ کر بڑے خشوع وخضوع سے پڑھائی۔

لندن (برطانیہ) میں عبدالواحد صاحب کا انتقال پر ملال

برطانیہ میں مقیم انتہائی متدین فیملی کے بزرگ جناب عبدالواحد صاحب گزشتہ دنوں لندن میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند انتہائی متقی اور خلیق انسان تھے۔ ان کی موت نماز فجر کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہوئے ہوئی۔ ان کا سارا گھرانہ دیارِ فرنگ میں بھی نیکی اور تبلیغ کے کاموں میں پیش پیش ہے۔ جامعہ علوم اثریہ میں نمازِ جمعہ کے بعد ان کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی گئی۔

ادارہ "حرمین" وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث جہلم

مذکورہ بالا مرحومین کے پسماندگان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور صمیم قلب سے دعاگو ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی بشری غلطیوں، کوتاہیوں اور صغیرہ کبیرہ گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین۔

اللهم اغفرلهم و ارحمهم وأعذهم من فتنة القبر و عذاب النار۔

....